ارشد بکڈپو
بھمبر

الحافظ القاری منیر احمد جلالی رضوی

---

ناظم اعلیٰ
جامعہ بستان العلوم نقشبندیہ صدیقیہ
(کنڈھال، طریق بھمبر اسلام آباد آزاد کشمیر

Marfat.com

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

Marfat.com

نومی پبلی کیشنز
مینیجنگ ایڈیٹر: ایم - اے - پرنس
خوبصورت اور مفید کتابیں

Marfat.com

اسلام کے نامور سپہ سالاروں کے کارہائے نمایاں

# مجاہدینِ اسلام

(سوالاً جواباً)

کیف زا

ارشد بکڈپو
بھمبر

قومی پبلیکیشنز
پوسٹ بکس 1163 را

قیمت بارہ ۱۲ روپے


Marfat.com

نوری
پوسٹ بکس 1163 راولپنڈی

# ضابطہ

زیر نظر کتاب کے جملہ حقوق بحق ناشر دائمی طور پر محفوظ ہیں
کتاب کے ناشر ایم اے پرنس ہیں جنہوں نے اس کتاب
کو اسد محمود پرنٹنگ پریس گوالمنڈی سے چھپوا کر دفتر
نوری پبلی کیشنز 525/ل شہید چوک راولپنڈی سے شائع کیا
سرورق مکہ مکرمہ پرنٹنگ پریس سرکلر روڈ، راولپنڈی میں
چھاپہ گیا۔

یاد رہے کہ یہ کتاب پہلی بار ایک ہزار کی تعداد میں
۱۹۸۹ء میں شائع کی گئی۔



نوری پبلیکیشنز کی مطبوعات کیلئے
اشرف بک ایجنسی
کمیٹی چوک، راولپنڈی

Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱ | خالدؓ بن ولیدؓ | ۷ |
| ۲ | حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراحؓ | ۲۳ |
| ۳ | حضرت عمروؓ بن عاصؓ | ۴۳ |
| ۴ | حضرت سعدؓ بن وقاصؓ | ۵۵ |
| ۵ | طارقؒ بن زیاد | ۶۷ |
| ۶ | جرنیل محمدؒ بن قاسم | ۷۳ |
| ۷ | سلطان محمودؒ غزنوی | ۸۱ |
| ۸ | سلطان صلاح الدینؒ ایوبی | ۹۱ |
| ۹ | سلطان شہاب الدینؒ غوری | ۹۹ |
| ۱۰ | سلطان محمدؒ فاتح | ۱۰۳ |


Marfat.com

تحریکِ پاکستان سے تشکیلِ پاکستان تک سوالاً جواباً دستاویز

# جدوجہد پاکستان

قیمت: ۱۶/۵۰ مرتبہ: کیف السحر

Marfat.com

# حضرت خالدؓ بن ولیدؓ

س: حضرت خالد بن ولید کا سن ولادت بتائیے۔

ج: ۵۸۴ء

س: حضرت خالد بن ولید کے والد کا نام بتائیے۔

ج: ولید بن میغرہ مخزومی

س: ولید بن میغرہ مخزومی کی کنیت بتائیے۔

ج: عبدالشمس

س: میغرہ مخزومی اہل قریش میں کن ناموں سے پکارے جاتے ہیں۔

ج: صائب الرائے، فصیح البیان خطیب

س: ولید بن معیزہ مخزومی نے کب شراب چھوڑی تھی۔

ج: ظہور اسلام سے قبل

Marfat.com

س :. کس شخص نے سب سے پہلے چور کی سزا ہاتھ کاٹنا کی تجویز پیش کی۔

ج :. ولید بن مغیرہ مخزومی

س :. اہل قریش کس شخص کو عدل قریش کے نام سے مخاطب کرتے تھے۔

ج :. ولید بن مغیرہ تھے

س :. قریش میں کون اکیلے خانہ کعبہ کا غلاف آویزی کرتے جبکہ دوسرے سال اہلِ قریش سعادت حاصل کرتے تھے۔

ج :. ولید بن مغیرہ

س :. ظہور اسلام سے قبل حج کے ایام میں کون منیٰ کے مقام پر حاجیوں کو کھانا کھلایا کرتے تھے۔

ج :. ولید بن مغیرہ

س :. خانہ کعبہ میں جوتیاں پہن کر داخل ہونے کی رسم کس نے ختم کی بتایئے۔

ج :. ولید بن مغیرہ

س :. ولید بن مغیرہ قرآن مجید سننے کے بعد کیا کہا۔ بتایئے۔

ج :. یہ ضرور آسمانی کلام ہے، انسانی کلام ہرگز نہیں۔

س :. حضرت خالدؓ بن مغیرہ بھائیوں کی تعداد بتایئے۔

ج :. سات بھائی

س :. ولید بن مغیرہ کے کون سے بیٹے نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا۔

ج :. حضرت ہشامؓ بن ولید نے۔

Marfat.com

س :. خالد بن ولید کی والدہ کا نام بتائیے۔

ج :. لبابتہ الصغریٰ

س :. لبابتہ الصغریٰ کی کس بہن کا عقد آنحضرت سے ہوا تھا۔ نام بتائیے۔

ج :. حضرت میمونہ رض

س :. لبابتہ الصغریٰ کی دوسری بہن ام الفضل کس صحابی کی زوجہ تھیں۔

ج :. حضرت عباس رض بن عبد المطلب کی

س :. لبابتہ الصغریٰ کی تیسری بہن عصما بنت حارث زوجہ ابی ابن خلف الجمحی کے بطن سے کون سے صحابی پیدا ہوئے۔

ج :. حضرت ابان رض

س :. لبابتہ الصغریٰ کی چوتھی بہن عزہ بنت حارثہ کا نکاح کس سے ہوا تھا۔

ج :. زیاد بن عبداللہ بن مالک البلالی۔

س :. لبابتہ الصغریٰ کی اس بہن کا نام بتائیے جو باپ کی طرف سے سوتیلی بہن تھیں جس کا نکاح پہلے حضرت جعفر طیار پھر حضرت ابوبکر رض کے عقد میں آخر میں حضرت علی رض سے نکاح ہوا تھا۔

ج :. سمت بنت عمیس

س :. حضرت میمونہ رض زوجہ رسول کو کون گھی، مکھن اور پنیر بھیجا کرتی تھیں۔

ج :. لبابتہ الصغریٰ کی بہن ہزیلہ بنت حارث

س :. لبابتہ الصغریٰ کی کون سی سوتیلی بہن حضرت حمزہ رض بن عبد المطلب سے بیاہی گئیں۔

Marfat.com

ج :۔ سلمٰی بنت عمیس

س :۔ سلمٰی بنت عمیس کا نکاح حضرت حمزہؓ کی شہادت کے بعد کس سے ہوا۔

ج :۔ شداد بن اسامہ بن ہاد اللیثی

س :۔ سلامہ بنت عمیس کا نکاح کس سے ہوا تھا۔

ج :۔ عبداللہ بن کعب منبہ خشمی سے

س :۔ حضرت خالدؓ بن ولید کی نو بہنوں میں سے کتنی باپ کی طرف سے سوتیلی تھیں۔

ج :۔ دو

س :۔ حضرت خالد بن ولید کی کتنی بہنوں نے اسلام قبول کیا۔

ج :۔ سات

س :۔ حضرت خالد بن ولید کا شجرہ نسب آنحضرتؐ سے کتنی پشت میں جا کر ملتا ہے۔

ج :۔ ساتویں

س :۔ حضرت خالد بن ولید کا شجرہ نسب بتائیے۔

ج :۔ ابوسلیمان حضرت خالد بن ولید۔ بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم۔ بن یقیظ بن مرہ۔ بن کعب ابن کوئی۔

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے بچپن میں ہنسی مذاق میں کس صحابی کی پنڈلی توڑ دی تھی۔

ج :۔ حضرت عمر فاروق کی۔

Marfat.com

س :۔ حضرت خالد بن ولید کے چچا زاد بھائیوں کے نام بتائیے۔

ج :۔ حضرت عیاش رضؓ بن ابی ربیعہ عمرو بن ذی الریحین بن المیغرہ مخزومی

س :۔ حضرت عیاش رضؓ کے بھائی کا نام بتائیے۔

ج :۔ ابوجہل بن ہشام (ایک ماں سے)

س :۔ اہل قریش نے بنی مخزوم کو کیا خدمت سونپی تھی

ج :۔ فوجی کیمپ کا انتظام اور فوجوں کی سپہ سالاری

س :۔ حضرت خالد رضؓ بن ولید کے والد کا انتقال کب ہوا تھا۔

ج :۔ ہجرت نبوی کے تین مہینے بعد

س :۔ اہلِ قریش جنگ کے لیے جتنا سامان اکٹھا کرتے کس کے پاس جمع ہوتا تھا۔

ج :۔ حضرت خالد بن ولید

س :۔ حضرت خالد بن ولید کا ذریعہ معاش بتائیے۔

ج :۔ تجارت

(ملازموں کو تجارتی سفر پر بھیج کر گھر بیٹھے کاروبار کرتے تھے)

س :۔ اسلام قبول کرنے سے قبل مسلمانوں کے بارے میں حضرت خالد بن ولید کے کیا خیالات تھے۔

ج :۔ مدینہ پر کامیاب حملہ کر کے اسلام اور مسلمانوں کو یکسر مٹا دیا جائے۔

س :۔ غزوہ اُحد میں مسلمانوں پر اچانک حملہ کر کے فتح کو شکست میں کس نے تبدیل کیا۔

Marfat.com

ج : حضرت خالد بن ولید نے

س : غزوہ خندق میں کون تمام دن خندق کے کنارے گشت کرتے تھے۔

ج : حضرت خالدؓ بن ولید

س : اہل قریش نے لشکر غزوہ خندق کے بعد مکہ واپسی پر کن افراد کو مسلمانوں کے حملے سے محفوظ رکھنے کے لیے مقرر کیا گیا۔

ج : حضرت خالد بن ولید اور عمرو بن عاصی کو

س : آنحضرتؐ نے صلح حدیبیہ کے موقع پر خانہ کعبہ کے طواف کا ارادہ فرمایا تو قریش نے کس کو تحقیقات کے لیے مقرر کیا۔

ج : حضرت خالد بن ولید کو

س : حضرت خالد بن ولید دو سو سوار کے ہمراہ کس مقام پر آنحضرت کا آمنا سامنا ہوا تھا۔

ج : کرع الغمیم

س : حضرت خالد بن ولید نے مسلمانوں پر نماز کی حالت میں حملہ کا ارادہ کیا تو آنحضرت نے کیا حکم فرمایا

ج : صلوٰۃ خوف

(یعنی باری باری ایک ایک دستہ نماز پڑھے اور ایک دستہ ان کی حفاظت کے لیے پردہ دے)

Marfat.com

س :۔ آنحضرت عمرۃ القضاء کرنے کے لیے مکہ میں داخل ہوئے تو حضرت خالد بن ولید کہاں تھے۔

ج :۔ مکہ سے باہر چلے گئے

س :۔ حضرت خالدؓ بن ولید نے کب اسلام قبول کیا۔

ج :۔ ۸ھ

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے اسلام قبول کرنے کا کیا سبب بنایا۔

ج :۔ اکثر سوچا کرتا تھا کہ میں آنحضرت کے خلاف ہر جنگ میں شامل ہوا۔ لیکن ہر محاذ پر ناکامی ہوئی۔ اسلام اور مسلمانوں کو مٹانے کی کوشش میں نہ خود ہی کبھی کامیاب ہو سکا اور نہ کسی اور کو کامیابی ہوئی۔

س :۔ آنحضرت نے کس صحابی کی معرفت حضرت خالد بن ولید کو یاد فرمایا

ج :۔ حضرت ہشام بن ولید

س :۔ حضرت ہشام بن ولید نے اپنے بھائی خالد بن ولید کو جو خط لکھا اس میں کس بات پر تعجب کیا۔

ج :۔ مجھے تعجب ہے تم اسلام سے اس قدر نفرت کیوں کرتے ہو۔ حالانکہ تمہارے جیسا عقلمند آدمی کبھی اسلام سے دور نہیں رہ سکتا۔

س :۔ آنحضرت نے حضرت ہشام بن ولید نے حضرت خالد کے بارے میں پوچھا تو حضرت ہشام نے کیا جواب دیا۔

ج :۔ خالدؓ کو اللہ تعالیٰ ہی لائے تو لائے۔

Marfat.com

س :۔ آنحضرتؐ نے حضرت خالد بن ولید کے قبول اسلام سے قبل کیا فرمایا۔

ج :۔ ”خالدؓ جیسے شخص اسلام کی حقیقت سے ناواقف رہ نہیں سکتے۔ اگر وہ مسلمانوں کے ساتھ مل کر مشرکوں اور کافروں سے لڑتے تو یہ اُن کے لیے بہت اچھا ہوتا“

س :۔ حضرت خالد بن ولید مکہ سے مدینہ کا سفر اختیار کیا تو راستے میں کن افراد کو اسلام قبول کرنے کی دعوت دی

ج :۔ صفوان بن اُمیہ، ابوجہل کے بیٹے عکرمہ،

س :۔ قبولِ اسلام سے قبل حضرت خالد بن ولید نے صفوان بن اُمیہ اور عکرمہ کو مسلمان ہونے کا کہا تو انہوں نے کیا جواب دیا۔

ج :۔ اگر تمام دنیا بھی اسلام قبول کرلے اور میرے سوا دنیا کا ہر شخص بھی مسلمان ہو جائے تو سمجھ لو میں اس وقت بھی اسلام قبول نہیں کر سکتا۔

س :۔ حضرت عثمان بن طلحہ کے والد طلحہ، چچا عثمان غزوہ اُحد میں مسلمانوں کے ہاتھوں قتل ہوئے تھے۔ اس غزوہ میں آپ کے چار بھائی قتل ہوئے ان کے نام بتائیے۔

ج :۔ جلاس، حارس، کلاب

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے کس صحابی کو اسلام قبول کرنے کے لیے کہا تو فوراً اسلام قبول کرنے پہ آمادگی ظاہر کی۔

ج :۔ حضرت عثمان بن طلحہ نے

س :۔ حضرت عمرو بن عاص کس مقام پر حضرت خالد بن ولید اور حضرت عثمان بن طلحہ سے ملے تھے۔

Marfat.com

ج :۔ بدر

س :۔ حضرت عثمانؓ، حضرت خالد بن ولید اور حضرت عمرو بن عاص مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تو کس صحابی سے سب سے پہلے ملاقات ہوئی۔

ج :۔ حضرت ہشام بن ولید سے

س :۔ آنحضرت نے حضرت خالدؓ بن ولید کو دیکھتے ہی کیا فرمایا۔

ج :۔ "الحمد للہ، کہ تم سیدھی راہ پر آگئے اُس کا شکر ہے کہ اس نے تمھیں ہدایت فرمائی، مجھے یہی امید تھی کہ تم ضرور سیدھے راستے پر آجاؤ گے۔

س :۔ حضرت خالدؓ بن ولید کے چچا اور چچیرے بھائی کس غزوہ میں مسلمانوں کے ہاتھوں مارے گئے تھے۔

ج :۔ غزوہ بدر میں

س :۔ اسلام کے مشہور دشمن قریش کے سردار ابوجہل کا کون سے بیٹے نے اسلام قبول کیا۔

ج :۔ حضرت عکرمہ بن ابوجہل نے

س :۔ حضرت ابوبکر صدیق کے عہد حکومت میں منکرین زکوٰۃ اور مرتدین اسلام کی سرکوبی کرنے والے صحابی کا نام بتائیے۔

ج :۔ حضرت خالد بن ولید

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے سب سے پہلے کس کی سرکوبی کے لیے بھیجے گئے تھے۔

ج :۔ طلیحہ

Marfat.com

س :۔ حجۃ الوداع کے بعد آنحضرتؐ کو دیکھ کر کس نے اپنی نبوت کا دعویٰ کر دیا تھا۔

ج :۔ طلیحہ نے

س :۔ حضرت خالدؓ بن ولید نے طلیحہ کو مقام پر شکست دی۔

ج :۔ بزاخہ

س :۔ ہرمز نے حضرت خالد بن ولید کے خلاف سندھی جاٹوں کو کس جنگ میں استعمال کیا تھا۔

ج :۔ جنگ ذات السلاسل میں (١٢ھ)

س :۔ جنگ بزاخہ میں طلیحہ کے لشکر کا سپہ سالار کون تھا۔

ج :۔ عنیبہ بن حصن

س :۔ بنی پر نوح کے خاندان کی کس عورت نے نبوّت کا دعویٰ کیا تھا۔

ج :۔ سجاح نے

س :۔ بنی پر نوح کے سردار کا نام بتائیے۔

ج :۔ مالک بن نویرہ

س :۔ مالک بن نویرہ کو کس نے قتل کیا تھا

ج :۔ حضرت ضرار بن ازور نے

س :۔ حضرت خالدؓ بن ولید اور مسلیمہ کذاب کا لشکروں کے درمیان کس مقام پر جنگ ہوئی تھی۔

ج :۔ یمامہ کے مقام پر

Marfat.com

س :. جنگ یمامہ میں مسلمہ کذاب کے کتنے ساتھی ہلاک ہوئے تھے۔

ج :. سات ہزار

س :. جنگ یمامہ میں ابتدائی طور پر حضرت عکرمہؓ بن ابی جہل کو شکست ہوئی تو حضرت ابوبکر صدیق نے کس صحابی کو اسلامی لشکر کا سپہ سالار بنا کر روانہ کیا۔

ج :. حضرت خالد بن ولید کو

س :. کس جنگ میں علمائے دین اور حفاظ قرآن شہید ہوئے تھے۔

ج :. جنگ یمامہ (ستر حفاظ کرام شہید ہوئے)

س :. حضرت خالد بن ولید نے عراق پر، حضرت ابوعبیدہ بن الجراح حمص پر زید بن ابی سفیان نے دمشق پر حضرت شرجیل بن حسنہ نے اردن پر اور عمرو بن عاص نے کس علاقے پر حملہ کیا تھا۔

ج :. فلسطین

س :. ایرانیوں اور مسلمانوں کی پہلی باقاعدہ جنگ ایران کی سرحد سے پچاس میل کے فاصلے پر کس مقام پر ہوئی تھی۔

ج :. حیفر

س :. جنگ حیفر میں کس قبیلے کے آٹھ ہزار افراد ایرانیوں کے مقابلے میں صف آرا ہوئے تھے۔

ج :. حضرت مثنیٰ بن حارث شیبانی کا

س :. جنگ ندار حضرت خالد بن ولید کی قیادت میں کب ہوئی۔

ج :. صفر ۱۲ھ

Marfat.com

س :۔ حضرت ابوبکر صدیق نے کس صحابی کو حضرت مثنیٰ بن حارث شیبانی کی مدد کے لیے بھیجا تھا۔

ج :۔ حضرت خالد بن ولید کو

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے اتمام حجت کے طور پہ اُبلہ کے سرحدی حاکم ہرمز کو خط بھیجا اس میں کیا لکھا تھا۔

ج :۔ اگر لوگ کی سلامتی چاہتے ہیں تو اسلام لے آئیں اور یہ قبول نہیں تو جزیہ دیں اگر یہ بھی منظور نہیں تو سمجھ لیں تمہارے مقابلے میں ایک ایسی قوم آرہی ہے جو موت سے اتنا ہی پیار کرتی ہے جتنا تم زندگی سے پیار کرتے ہو۔

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے دس ہزار مجاہدین اسلام کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا۔

ج :۔ تین

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے اسلامی لشکر کو تین حصوں میں تقسیم کر کے کن مسلم شخصیتوں کو سپہ سالار مقرر کیا۔

ج :۔ حضرت مثنیٰ بن حارث، عدی بن حاتم طائی اور تیسرے حصہ کی سپہ سالاری خود

س :۔ اسلامی لشکر کے تین گروپ کس مقام پہ جمع ہوئے تھے۔

ج :۔ حفیر

س :۔ ایرانی لشکر کو شکست دے کر مالِ غنیمت کا کتنا حصہ فتح کی خوشخبری کے ساتھ حضرت ابوبکر رض کی خدمت میں ارسال کیا تھا۔

Marfat.com

:. پانچواں حصّہ

:. ہرمز کے قتل کے بعد اس کی ٹوپی حضرت ابوبکر کو بھیجی گئی جو حضرت خالد بن ولید کے حصے میں آئی۔ اس کی قیمت بتائیے۔

:. ایک لاکھ دینار

:. حفیر کے بعد ایرانیوں اور مسلمانوں کے درمیان کس مقام پر جنگ ہوئی تھی۔

:. ولجہ

:. جنگ ولجہ میں ایرانی لشکر کی قیادت کس کے ہاتھ میں تھی۔

:. اندرزغر

:. جنگ ولجہ میں کس قبیلہ کے عیسائی ہلاک ہوئے جنہوں نے شہنشاہ ایران اردشیر سے فریاد کی۔

:. بکر بن وائل کے

:. ایرانی شہنشاہ اردشیر نے کس کی قیادت میں ایرانی لشکر مدد کے لیے بھیجا تھا۔

:. بہمن جادویہ کے

:. جنگ ولجہ حضرت خالد بن ولید کی قیادت میں کس صحابی کے عہد حکومت میں ہوئی۔

:. حضرت ابوبکر صدیق کے

:. جادویہ نے کس مقام پر حاکم جابان کو ایرانی لشکر کی قیادت سونپ دی تھی۔

Marfat.com

ج :۔ الیس

س :۔ حضرت خالد بن ولید الیس کی مہم سر کرنے کے بعد کس علاقے پر حملہ کر
کے لیے بڑھے تھے کہ وہاں کے باشندے گھر بار چھوڑ کر جاگ گئے
تھے۔

ج :۔ امنیشیا

س :۔ اسلامی لشکر کو امنیشیا میں کتنا مالِ غنیمت ملا تھا۔

ج :۔ ہر سوار کو پندرہ سو درہم

س :۔ کس صحابی نے حضرت خالد بن ولید کے بارے میں فرمایا ۔ عورتیں
خالد جیسا بہادر پیدا کرنے سے قاصر ہیں!!

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیق نے

س :۔ جنگ الیس حضرت خالد بن ولید کی قیادت میں کب ہوئی تھی۔

ج :۔ مئی ۶۳۳ء میں

س :۔ جنگ الیس میں ایرانی لشکر کے کتنے سپاہی قتل ہوئے تھے۔

ج :۔ ستر ہزار

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے حیرہ کا محاصرہ کیا تو حاکم ازاذبہ نے اپنے بیٹے
کو کیا حکم دیا تھا۔

ج :۔ دریائے فرات پر بند باندھ کر اس کا پانی روک لے اور سارا پانی دریا
نکلنے والی نہروں میں چھوڑ دے۔

Marfat.com

:. جو قوم خالد سے جنگ کرتی ہے وہ زیادہ ہو یا کم بہرصورت ہار جاتی ہے۔ تم صلح کی درخواست پیش کر دو۔

:. حضرت خالد بن ولید نے کیدر کی کس جرم میں گردن اُڑا دی تھی؟

:. آنحضرت کے زمانے میں اطاعت کا اقرار کر کے پھر سرکشی اور بغاوت اختیار کی اور عہد کو توڑنے کے باعث

:. رومتہ الجندل کی فتح کے بعد حضرت خالد بن ولید نے کن سپہ سالاروں کو قتل کیا تھا۔

:. زرمہر اور روزبہ

:. کس مسلم سپہ سالار کی قیادت میں اسلامی لشکر نے خنافس کا علاقہ فتح کیا تھا

:. حضرت ابولیلیٰ نے

:. اسلامی لشکر نے کن سپہ سالاروں نے مصیخ کا علاقہ فتح کیا تھا۔

:. حضرت قعقاع بن عمرو ، ابولیلیٰ اعبد اور عروہ نے

:. جنگِ فراض کب ہوئی تھی۔

:. شعبان تا ذلعقد ۱۲ھ

:. جنگ فراض میں دشمن کے کتنے سپاہی ہلاک ہوئے تھے؟

:. ایک لاکھ

:. الرضاب کا کون سا حکمران اسلامی لشکر کی آمد کی خبر سن کر بھاگ گیا؟

:. بلال بن عسقہ

Marfat.com

س :۔ دریائے فرات کے کنارے کن کے لشکر اسلامی سے جنگ کرتے جمع ہوئے تھے؟

ج :۔ ایرانی، رومی اور غیر مسلم عربوں کا

س :۔ جنگ فراض میں دشمن کے کتنے آدمی قتل ہوئے تھے؟

ج :۔ ایک لاکھ

س :۔ کون سے ملک کی فتح کے بعد حضرت خالد بن ولید نے حج کا فریضہ ادا کیا

ج :۔ عراق

س :۔ حضرت ابوبکر صدیق نے حضرت خالد بن ولید کو عراق کی فتح کے بعد کس ملک کو فتح کرنے کا حکم دیا۔

ج :۔ شام

س :۔ ابوبکر صدیقؓ نے یرموک کی مہم کے لیے کن صحابہ کرام کو اسلامی لشکر کے ساتھ بھیجا تھا۔

ج :۔ حضرت شرجیل بن حسنہ، حضرت ابو عبیدہ بن الجراح اور حضرت عمرو بن عاص کو

س :۔ حضرت خالد بن ولید کی قیادت میں اسلامی لشکر نے کب اجنادین کو فتح کیا تھا؟

ج :۔ حضرت ابوبکر کی وفات سے ۲۰/۲۵ روز قبل ۱۳ھ

س :۔ حضرت خالد بن ولید شام کی مہم کے سلسلے میں یرموک پہنچے تو رومی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

Marfat.com

س :. مسلمانوں کی تمام کشتیاں دلدل اور کیچڑ میں پھنس کر رہ گئیں تو حضرت خالد بن ولید نے کیا حکم دیا تھا۔

ج :. کشتیاں چھوڑ کر حملہ کر دیا جائے

س :. حیرہ کے حاکم ازاذبہ کو بیٹے کے قتل اور اردشیر کے مرنے کی خبر ملی تو اس نے کیا کیا

ج :. اپنے محل سے بھاگ گیا

س :. حضرت خالد بن ولید نے اہل حیرہ کے سامنے کون سی تین شرطیں رکھی تھیں

ج :. تم اسلام قبول کر لو، نہیں تو جزیہ دو یہ دونوں باتیں منظور نہیں تو میدان جنگ میں آؤ۔

س :. اہل حیرہ کی طرف سے کس نے اراضی کے لگان ادا کرنے کی ذمہ داری قبول کی تھی۔

ج :. صلوبا بن نسطوتا نے

س :. کس نے حضرت خالد بن ولید کے حملے سے بچنے کے لیے شہر کے ارد گرد خندقیں کھود کر قلعے کے دروازے بند کر لیے تھے۔

ج :. اہل انبار نے

س :. مسلمانوں کے حملے سے شیرزاد کے کتنے سپاہیوں کی آنکھیں تیروں سے ضائع ہوئی تھیں۔

ج :. ایک ہزار

Marfat.com

س :۔ اسلامی لشکر نے کس طرح خندق کو پار کیا بتائیے۔

ج :۔ اونٹوں کو ذبح کرکے خندق میں ڈال کر پُل کا کام لیتے ہوئے۔

س :۔ حضرت ابوبکر صدیق کے عہد خلافت میں جنگ انبار میں اسلامی لشکر کی قیادت کس صحابی نے کی۔

ج :۔ حضرت خالد بن ولید نے

س :۔ جنگِ انبار کو جنگ ذات العیون کے نام سے کیوں مشہور ہے۔

ج :۔ حضرت خالد بن ولید کے حکم پر شدید تیر اندازی کی جس سے ایک ہزار آنکھیں ضائع ہوئی تھیں۔

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے انبار میں کس سپہ سالار کو کمند ڈال کر گھسٹ لائے تھے۔

ج :۔ عسفہ

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے مہران بن بہرام چوبین کا قلعہ فتح کیا تو چند نوعمر لڑکوں کو مجاہدین اسلام میں تقسیم کیا گیا تھا۔ ان کے نام بتائیے۔

ج :۔ سیرین، ابو محمد بن سیرین۔ عثمان کے غلام عمران ونصیر (ابو موسیٰ بن نصیر)

س :۔ حضرت خالد بن ولید تمرین کی فتح کے بعد کس قبیلہ پر حملہ آور ہوئے تھے؟

ج :۔ دومتہ الجندل

س :۔ حاکم دومتہ الجندل نے سردار اکیدر سے مدد طلب کی تو اس نے کیا جواب دیا تھا؟

Marfat.com

س :۔ رومیوں کے کس سردار نے جنگ یرموک کے دوران حضرت خالد بن ولید کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا ۔

ج :۔ جرجہ

س :۔ اسلام قبول کرنے کے بعد جرجہ نے کتنی رکعت ادا کی تھیں

ج :۔ دو ۲

س :۔ رومی سردار جرجہ کس جنگ میں مسلمانوں کی طرف سے لڑاتے ہوئے شہید ہوئے تھے ۔

ج :۔ جنگ یرموک میں

س :۔ جنگ یرموک کے میدان میں اسلامی لشکر نے کون کون سی نماز اشاروں میں ادا کی ؟

ج :۔ ظہر اور عصر

س :۔ جنگ یرموک میں کتنی رومی سپاہی مارے گئے ؟

ج :۔ ایک لاکھ بیس ہزار

س :۔ حضرت عمر فاروق کے عہد خلافت کی پہلی جنگ کون سی تھی ۔

ج :۔ جنگ یرموک

س :۔ جنگ یرموک میں کتنے مسلمان مجاہدین شہید ہوئے تھے ۔

ج :۔ ایک ہزار صحابہ کرامؓ اور دو ہزار عام مسلمان کل تین ہزار

س :۔ حضرت خالد بن ولید کو سپہ سالاری سے معزولی کے ہمراہ کس صحابی کے انتقال کی خبر ملی ۔

Marfat.com

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی

س :۔ حضرت عمر فاروق نے حضرت خالد بن ولید کی جگہ کس صحابی کو اسلامی لشکر کا سپہ سالار مقرر کیا گیا؟

ج :۔ حضرت ابو عبیدہ بن الجراح کو

س :۔ حضرت عمر فاروق نے حضرت خالد بن ولید کو کیوں سپہ سالاری سے معزول کیا تھا۔

ج :۔ خالد بن ولید کا طریقہ جنگ سخت تھا۔

س :۔ حضرت ابوبکر صدیق نے حضرت خالد بن ولید کو کس کے قتل سے بری الذمہ قرار دیا تھا۔

ج :۔ مالک بن نویرہ کے

س :۔ حضرت خالد بن ولید کی آخری جنگ کا نام بتائیے؟

ج :۔ جنگِ یرموک

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے کس کے ساتھ دست بدست لڑائی کی

ج :۔ اُبلہ کے حاکم ہرمز سے (جو مارا گیا)

س :۔ ایرانیوں اور مسلمانوں کی پہلی جنگ میں اسلامی لشکر کے سپہ سالار کون سے صحابی تھے۔

ج :۔ حضرت خالد بن ولید

س :۔ حضرت خالد بن ولید نے قبولِ اسلام کے بعد کس جنگ میں شریک ہوئے؟

ج :۔ سریہ موتہ

Marfat.com

ج :۔ دو لاکھ چھیالیس ہزار

(مجاہدین اسلام کی تعداد چھتیس ہزار)

س :۔ جنگ یرموک میں حضرت خالد بن ولید کے ہاتھوں کتنی تلواریں ٹوٹیں۔

ج :۔ نو

س :۔ حضرت ابوبکرؓ نے شام کی طرف اپنے عہد خلافت میں پہلا اسلامی دستہ کس صحابی کی قیادت میں روانہ کیا تھا۔

ج :۔ حضرت خالدؓ بن ولید

س :۔ حضرت ابوبکر صدیق نے قیصر روم پر حملہ کے لیے چار لشکر کب روانہ کئے تھے۔

ج :۔ ۱۳ ھ

س :۔ رومیوں کے پورے لشکر کی تعداد کیا تھی؟

ج :۔ ڈھائی لاکھ

س :۔ جنگ یرموک حضرت خالد بن ولید نے اسلامی لشکر کو کتنے دستوں میں تقسیم کیا تھا؟

ج :۔ اڑتیس

س :۔ جنگ یرموک میں اسلامی لشکر کے دستوں کے سپہ سالار کون سے صحابہ کرام مقرر ہوئے تھے؟

ج :۔ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح، حضرت عکرمہ بن ابوجہل حضرت قعقاع بن عمرو، حضرت عمروؓ بن عاص، حضرت شرجیلؓ بن حسنہ حضرت امیر معاویہؓ

Marfat.com

کے بڑے بھائی حضرت یزیدؓ بن ابوسفیان اور عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید

س :۔ جنگ یرموک میں حضرت خالد بن ولید کے بیٹے عبدالرحمٰن بھی شامل تھے ان کی عمر بتائیے؟

ج :۔ اٹھارہ برس

س :۔ جنگ یرموک میں ہراول دستہ کے سردار کا نام بتائیے۔

ج :۔ حضرت تیاث بن اشیم

س :۔ جنگ یرموک میں قاضی کی خدمت کس کے سپرد تھی؟

ج :۔ حضرت ابوالدرداءؓ کے

س :۔ جنگ یرموک میں اسلامی لشکر کے قاری کون تھے، جو سورۃ انفال سناتے تھے؟

ج :۔ حضرت مقدادؓ

س :۔ جنگ یرموک میں سامان کے افسر کون سے صحابی تھے۔

ج :۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

س :۔ کون سے صحابی اسلامی لشکر میں گشت کرتے ہوئے واعظ فرماتے تھے؟

ج :۔ حضرت ابوسفیانؓ

س :۔ حضرت خالدؓ بن ولید نے کن صحابہ کرام کو جنگ یرموک میں سب سے پہلے حملہ کرنے کا حکم دیا۔

ج :۔ حضرت عکرمہؓ بن ابی جہل اور حضرت قعقاع بن عمرو کو

Marfat.com

س :۔ جنگ یمامہ میں کتنے حفاظِ کرام شہید ہوئے تھے؟

ج :۔ ستّر

س :۔ جنگ بزاخہ میں مدعی نبوت طلیحہ کے لشکر کا سالار کون تھا؟

ج :۔ عینیہ بن حصن

س :۔ طلیحہ کا کیا انجام ہوا بتایئے؟

ج :۔ جنگ بزاخہ میں شکست کھا کر بھاگا اور بعد میں اسلام قبول کیا؟

س :۔ سجاح نے آنحضرتؐ کی وفات کے بعد دعوئ نبوت کیا تھا کس خلیفہ کے عہد حکومت میں مسلمان ہوئی تھیں۔

ج :۔ حضرت امیر معاویہؓ

س :۔ جنگ حفیر کا نام جنگِ ذات السلاسل کیوں پڑا؟

ج :۔ ایرانی سپاہیوں نے خود کو زنجیروں سے باندھ رکھا تھا تاکہ کوئی میدانِ جنگ سے فرار نہ ہو سکے۔

س :۔ شام میں حضرت خالد بن ولید کی زیر قیادت مسلمانوں کو حاصل ہونے والی پہلی بڑی فتح کون سی تھی۔

ج :۔ بصریٰ کی فتح

س :۔ کس صحابی کے خلاف حضرت ابو قتادہ نے حضرت ابوبکرؓ سے شکایت کی کہ حضرت خالد بن ولید نے مالک بن نویرہ کو قتل کیا ہے اور لیلیٰ سے نکاح کر لیا ہے؟

ج :۔ حضرت خالد بن ولید کے

Marfat.com

س :۔ حضرت خالد بن ولید کے خلاف حضرت ابو قتادہؓ کی شکایت سن کر حضرت ابوبکر صدیق نے کیا فرمایا؟

ج :۔ ایسے شخص کے بارے میں ایسی بات نہیں کہنی چاہیئے تھی جسے آنحضرت نے سیف اللہ کا خطاب عطا فرمایا ہے؟

س :۔ حضرت ابو قتادہؓ کی شکایت پر حضرت عمر فاروق نے کیا حکم دیا تھا۔

ج :۔ خالد بن ولید کو معزول کر کے قید کر دیا جائے۔

س :۔ حضرت ابوبکر صدیق کی وفات کی اطلاع حضرت خالد بن ولید کو کس مقام پر ملی؟

ج :۔ واقوصہ

س :۔ فتح شام کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج :۔ حضرت خالد بن ولید کو

س :۔ حضرت عمر فاروق نے حضرت خالد بن ولید کو کب معزول کیا؟

ج :۔ ۱۸ھ میں

س :۔ حضرت خالد بن ولید کا انتقال کب ہوا؟

ج :۔ ۲۱ھ

س :۔ حضرت خالد بن ولید کا انتقال کس مقام پر ہوا تھا؟

ج :۔ مدینہ منورہ میں ۲۷ھ میں
(بعض کتابوں میں شام کے علاقے حمص میں ۲۱ھ)

Marfat.com

س :۔ آنحضرتؐ نے حضرت خالد بن ولید کو سیف اللہ کا خطاب کب عطا فرمایا۔

ج :۔ سریہ موتہ کے بعد

س :۔ حضرت خالد بن ولید کو حضرت عمر فاروق نے کب معزولی کا حکم دیا تھا؟

ج :۔ ۱۷ھ میں

س :۔ حضرت خالد بن ولید کے ہاتھوں کس غزوہ میں ایک عورت قتل ہوئی تھی؟

ج :۔ غزوہ حنین

س :۔ جنگ یمامہ میں ابتدائی طور پر اسلامی لشکر کو شکست کا سامنا کرنا پڑا تو حضرت ابوبکر صدیق نے کس صحابی کو اسلامی لشکر کا سالار بنا کر بھیجا تھا

ج :۔ حضرت خالد بن ولید کو

س :۔ جنگ نمارہ میں اسلامی لشکر کی قیادت کس صحابی نے کی۔

ج :۔ حضرت خالد بن ولید نے

س :۔ سریہ موتہ میں حضرت زیدؓ بن حارثہ حضرت جعفر طیار اور حضرت عبداللہ بن رواحہ کی شہادت کے بعد کس صحابی نے اسلامی لشکر کی قیادت کی؟

ج :۔ حضرت خالد بن ولید نے

س :۔ جنگ یمامہ میں حضرت خالد بن ولید کے اسلامی لشکر کی تعداد بتایئے؟

ج :۔ پندرہ ہزار

Marfat.com

س :۔ حضرت خالد بن ولید کا کون سا بیٹا عراق میں شہید ہوئے تھے؟

ج :۔ عبداللہ

س :۔ حضرت خالد بن ولید کے ایک بیٹے مہاجر نے کس جنگ میں شہادت پائی؟

ج :۔ جنگ صفین میں۔

Marfat.com

# حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ

س :. حضرت ابوعبیدہ کا شجرہ نسب بتائیے؟

ج :. حضرت ابوعبیدہؓ عامر ابن عبداللہ بن الجراح

س :. حضرت ابوعبیدہ کا تعلق عرب کے کس قبیلہ سے تھا؟

ج :. قریش

س :. حضرت ابوعبیدہ کا سلسلہ فہر بن مالک پر آکر آنحضرت سے کتنی پشت پر ملتا ہے؟

ج :. پانچویں

س :. آنحضرتؐ نے حضرت ابوعبیدہ کو کیا لقب عطا فرمایا تھا۔

ج :. امین الامّت

Marfat.com

س :۔ حضرت ابوعبیدہ باپ کی بجائے کس کے نام سے مشہور ہیں؟

ج :۔ اپنے دادا کے نام سے یعنی ابوعبیدہ بن الجراح

س :۔ حضرت ابوعبیدہ کا سن ولادت بتائیے؟

ج :۔ ۵۸۱ء میں

س :۔ حضرت ابوعبیدہ کس صحابی کی وساطت سے آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہوکر اسلام قبول کیا؟

ج :۔ حضرت ابوبکر صدیق رض

س :۔ حضرت ابوعبیدہ نے آنحضرت ؐ کے حکم پر مکے سے سب سے پہلے کس طرف ہجرت کی

ج :۔ حبشہ

س :۔ آنحضرت کے حکم پر حضرت ابوعبیدہ نے دوسری بار کس طرف ہجرت کی۔

ج :۔ مدینہ منورہ کی طرف

س :۔ غزوہ بدر میں حضرت ابوعبیدہ نے اپنے کس عزیز کی گردن تلوار کے ایک ہی وار سے تن سے جدا کر ڈالی۔

ج :۔ اپنے باپ کی

س :۔ جنگ اُحد میں کس صحابی نے آنحضرت ؐ کے جسم مبارک سے زرہ کی دو کڑیاں اپنے دانتوں سے کھینچ کر باہر نکالا۔

ج :۔ حضرت ابوعبیدہ رض

Marfat.com

س :۔ حضرت ابو عبیدہ نے آنحضرتؐ کے جسم مبارک سے زرہ کی دو کڑیاں اپنے دانتوں سے باہر نکالے تو کتنے دانت ٹوٹ گئے تھے؟

ج :۔ آگے کے دو

س :۔ آنحضرت نے سب سے پہلے کس صحابی کو لڑائی میں اسلامی لشکر کا سپہ سالار مقرر فرمایا تھا۔

ج :۔ حضرت علبیدؓ کو

س :۔ آنحضرت نے حضرت عبیدہؓ کو کس سریہ میں پہلی مرتبہ سپہ سالار مقرر فرمایا؟

ج :۔ سریہ بنو ثعلبہ

س :۔ آنحضرتؐ نے قبیلہ قضاعہ کی تادیب کے لیے حضرت عمرو بن عاص کو تین سو مجاہدین اسلام کے ساتھ روانہ کیا تو بعد میں کب حضرت ابو عبیدہ کو سپہ سالار بنا کر بھیجا تھا۔

ج :۔ ۸ھ

س :۔ آنحضرتؐ نے کفار مکہ کی نقل و حرکت تین سو مجاہدین کا دستہ کس صحابی کی قیادت میں بھیجا جو سریہ سیف البحر کے نام سے منسوب ہوئی۔

ج :۔ حضرت ابو عبیدہؓ

س :۔ کس سریہ میں مجاہدین اسلام نے بھوک کی باعث درختوں کے پتے کھائے تو منہ میں چھالے پڑ گئے تھے؟

ج :۔ سریہ سیف البحر میں

Marfat.com

س :. اہل بخران کی خواہش پر آنحضرت نے کس صحابی کو اسلام کے مبلغ بنا کر
تھا۔

ج :. حضرت ابو عبیدہؓ

س :. آنحضرت کے وصال کے بعد مدینہ کے بد باطن یہودیوں نے جانشینی
مسئلہ پیدا کیا تو کس صحابی نے مصالحت کی کوشش کی؟

ج :. حضرت ابو عبیدہؓ

س :. مسلمانوں میں آنحضرتؐ کی جانشینی کا مسئلہ پیدا ہوا تو حضرت ابو عبیدہؓ نے
انصار کو مخاطب کر کے کیا فرمایا۔

ج :. اے مسلمانو! تم ہی وہ جماعت ہو جس نے سب سے پہلے اسلام کی
مدد کی پس اب ایسے نہ بنو کہ تمہارے سبب مسلمانوں میں اختلاف پیدا
ہو جاتے۔

س :. حضرت ابو بکر صدیقؓ نے رومیوں اور ایرانیوں کے لیے کن مشہور صحابہ کرام
کی قیادت میں اسلامی لشکر روانہ کیا۔

ج :. حضرت ابو عبیدہؓ حضرت عمرو بن عاص، حضرت شرجیل بن حسنہ حضرت
یزید بن ابو سفیان

س :. حضرت ابو بکر صدیق نے شہنشاہ ایران اور قیصر روم کا غرور توڑنے کے
لیے کب اسلامی لشکر روانہ کیا

ج :. ۱۳ ھ میں

Marfat.com

س:۔ حضرت ابوعبیدہؓ نے عمان کے کس شہر کے قلعہ کا محاصرہ کیا؟

ج:۔ شہر ماب

س:۔ اسلامی لشکر نے ماب شہر فتح کر کے کس علاقے کا محاصرہ کیا تھا

ج:۔ جابیہ

س:۔ قیصر روم کے لشکر کا مقابلہ کرنے کے لیے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کس صحابی کی درخواست پر حضرت خالد بن ولید کو مدد کے لیے بھیجا

ج:۔ حضرت ابوعبیدہؓ

س:۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے انتقال کے بعد حضرت عمر فاروق نے حضرت خالد بن ولید کو معزول کر کے کس صحابی کو اسلامی فوجوں کا سپہ سالار مقرر کیا تھا۔

ج:۔ حضرت ابوعبیدہ کو

س:۔ دمشق کی شکست کے بعد قیصر روم کی فوجیں اُردن کے کس صوبہ میں جمع ہوئیں؟

ج:۔ بلسیان

س:۔ حضرت ابوعبیدہ کی قیادت میں اسلامی لشکر کس مقام پر خیمہ زن ہوا تھا؟

ج:۔ فحل

س:۔ رومیوں کی خواہش پر حضرت ابوعبیدہؓ نے کس صحابی کو بات چیت کے لیے بھیجا تھا؟

ج:۔ حضرت معاذ بن جبل

Marfat.com

س :۔ حضرت معاذ بن جبل قیصر روم کے درمیان بات چیت ناکام ہونے پر کیا شرطیں پیش کیں ؟

ج :۔ اسلام قبول کرو ، یہ نہیں تو میدان جنگ

س :۔ قیصر روم کے نمائندہ نے حضرت ابو عبیدہ کو کیا پیش کش کی تھی۔

ج :۔ قیصر روم کی طرف سے ہر مجاہد کو دو دینار ، سپہ سالار کو ایک ہزار دینار انعام کے طور پر دیئے جائیں گے ۔

س :۔ قیصر روم کی طرف سے انعامات کی پیش کش کے جواب میں حضرت ابو عبیدہؓ نے کیا جواب دیا ؟

ج :۔ تم لوگ ہمیں اتنا ذلیل اور کم حیثیت خیال کرتے ہو ہم نہ مال دولت کے لالچ میں یہاں آتے ہیں نہ ہمیں اس کی کوئی پرواہ ہے ۔ اسلام قبول کرو ۔ اور اگر یہ منظور نہیں تو جزیہ دو اور اگر یہ بھی ناگوار خاطر ہو تو آؤ ہم تم میدان جنگ میں نکل کر تلوار سے فیصلہ کیے لیتے ہیں ۔

س :۔ رومیوں کے پہلے دستہ پر حضرت خالد بن ولید کے حکم پر کس صحابی نے حملہ کیا ؟

ج :۔ حضرت قیس بن ہبیرہ نے

س :۔ رومیوں کے دوسرے دستہ پر کس صحابی نے حملہ کیا تھا

ج :۔ حضرت عیسرہ بن مسروق

س :۔ رومی لشکر کی تعداد بتایئے جو نقارے بجاتی میدان جنگ میں آئی تھی ؟

Marfat.com

ج :. پانچ ہزار

س :. اردن کی فتح کے بعد شام کے کون سے شہروں پر اسلامی لشکر نے توجہ دی تھی؟

ج :. حمص، بیت المقدس اور انطاکیہ

س :. کس صحابی کی قیادت میں حضرت عبادہؓ بن صامت نے شیزر، حماۃ اور معرۃ النعمان کو فتح کرتے ہوئے لاذقیہ پہنچے تھے؟

ج :. حضرت ابوعبیدہ کی

س :. حضرت ابو عبیدہ نے لاذقیہ کا قلعہ فتح کرنے کے لیے کیا حکمتِ عملی سے کام لے کر فتح کیا تھا؟

ج :. قلعہ کے چاروں طرف غار کھدا دئے۔

س :. قیصرِ روم نے مسلمانوں کے خلاف انطاکیہ میں کتنے لاکھ رومی کا لشکر تیار کیا تھا؟

ج :. تقریباً دو لاکھ

س :. کس صحابی نے تجویز پیش کی کہ خواتین کو لاذقیہ میں چھوڑ دیا جائے؟

ج :. حضرت یزید بن ابوسفیان نے

س :. حضرت یزید کی تجویز پر کس صحابی نے اعتراض کیا تھا۔

ج :. حضرت شرجیل بن حسنہ نے

س :. حضرت شرجیل بن حسنہ نے حضرت یزید بن ابوسفیان کی تجویز کی مخالفت کیوں کی؟

Marfat.com

ج :- لاذقیہ شہر کے باشندے عیسائی تھے اُن پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا تھا۔

س :- جنگ یرموک میں رومی سپہ سالار باہان کے نمائندے نے اسلام قبول کیا نام بتایئے؟

ج :- جارج

س :- ہندہ زوجہ ابوسفیان جس پر ایام جاہلیت میں آنحضرت کے چچا حضرت حضرت حمزہ کا کلیجہ چبانے کا الزام ہے میدان جنگ میں کیا کہتی پھرتی تھیں۔

ج :- دیکھو اے مسلمانوں! تم میں سے جو شخص رومیوں کے مقابلے سے بھاگے گا میں تلوار سے اُس کی گردن اُڑا دوں گی۔

س :- دشمنِ اسلام ابوجہل کا بیٹا عکرمہ رومیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کیا کہا بتایئے؟

ج :- میں وہ ہوں جس نے محمد کا مقابلہ کیا ہے کیا آج میں تمہارے مقابلے میں ہٹ جاؤں گا ہرگز نہیں۔

س :- حضرت عکرمہ کی پکار پر کتنے مجاہدین نے مرنے کے لیے بیعت کی تھی؟

ج :- چار سو مجاہدین نے

س :- حضرت عکرمہؓ بن ابوجہل مردانہ وار لڑتے ہوئے کس جنگ میں شہادت پائی؟

Marfat.com

ج :۔ جنگ یرموک میں

س :۔ کس جنگ میں حضرت قباث بن اشیم کے ہاتھ سے تلواریں اور نیزے ٹوٹ ٹوٹ گرتے تو کہتے کہ کوئی ہے جو نیزہ یا تلوار دے

ج :۔ جنگ یرموک

س :۔ جنگ یرموک میں قیصر روم شکست کھانے کے بعد شام کو الوداع کہہ کر کہاں چلا گیا تھا ؟

ج :۔ قسطنطنیہ

س :۔ یرموک کی مہم سے فراغت پا کر حضرت ابو عبیدہ نے کس شہر کا محاصرہ کیا تھا ؟

ج :۔ بیت المقدس کا

س :۔ بیت المقدس کا حاکم ارطبون محاصرہ کے دوران کس ملک میں بھاگ گیا تھا۔

ج :۔ مصر

س :۔ اہل بیت المقدس نے شہر مسلمانوں کے حوالے کرنے کی کیا شرط رکھی تھی؟

ج :۔ حضرت عمر فاروق خود تشریف لائیں۔

س :۔ قیصر روم نے کس کے تعاون سے مسلمانوں سے جنگ کے لیے حمص کے میدان میں فوجیں اکٹھی کی تھیں؟

ج :۔ آرمینیا نے

Marfat.com

س :۔ شام میں طاعون کب پھوٹ پڑا؟

ج :۔ ۱۸ھ

س :۔ حضرت عمر فاروقؓ نے صحابہ کرام کے مشورہ سے پر حضرت ابو عبیدہ کو کیا حکم دیا تھا؟

ج :۔ مجاہدین اسلام پہاڑی علاقے میں بھیج دیا جائے۔

س :۔ سب سے پہلے کس صحابی کا انتقال طاعون کے اثر سے ہوا تھا۔

ج :۔ حضرت ابو علبیدہؓ

س :۔ حضرت ابو عبیدہ کے جنازے کی نمازہ کس صحابی نے پڑھائی جو بعد میں طاعون کی بیماری میں مبتلا ہو کر وفات پائی۔

ج :۔ حضرت معاذ بن جبل

س :۔ حضرت ابو عبیدہ کی وفات کے بعد کس صحابی نے اسلامی لشکر کو بالائی علاقے میں پہنچا تھا؟

ج :۔ حضرت عمرو بن عاص نے

س :۔ شام میں طاعون کے مرض میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے۔

ج :۔ پچیس ہزار

Marfat.com

# حضرت عمرؓو بن عاص

سوال: حضرت عمرؓو بن عاص کا شجرہ نسب بتایئے۔

ج: عمرو بن عاص بن وائل بن ہشام بن سعد بن عمرو بن ہصیص بن کعب۔

س: حضرت عمرؓو بن عاص کا تعلق قریش کے کس مشہور قبیلہ سے تھا۔

ج سہم۔

س: قبیلے سہم کے لوگ کب مسلمان ہوئے تھے۔

ج: ظہور اسلام پر سب سے پہلے۔

س: قبیلے سہم کے کن افراد نے ظہور اسلام پر سب سے پہلے اسلام

Marfat.com

قبول کیا۔

ج :۔ حذافہ سہمی کے دو بیٹوں نے۔

قیس اور عبداللہ

س :۔ آنحضرتؐ عبداللہ بن حذافہ سہمی کو اپنا سفیر خاص مقرر کر کے کس بادشاہ کے دربار میں اسلام کا دعوت نامہ دیکر بھیجا تھا۔

ج :۔ شاہ ایران۔

س :۔ حضرت عبداللہ بن حذافہ اور حضرت قیس بن حذافہ نے آنحضرتؐ کے حکم پر کس طرف ہجرت کی۔

ج :۔ حبشہ۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کے چھوٹے بھائی ہشام اور بڑے بیٹے حضرت عبداللہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج :۔ ابتدائے اسلام میں۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کی ولادت کب ہوئی۔

ج :۔ واقعہ فیل سے چھ برس بعد۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کی ولادت حضرت ابوبکرؓ سے کتنے برس پہلے ہوئی۔

ج :۔ سات برس قبل مکہ میں۔

س :۔ حضرت عمروؓ کے والد عاص کی دو بیویاں تھیں ان کے نام بتلایئے۔

ج :۔ سلمہ اور ہرملہ۔

Marfat.com

س :۔ عاص بن وائل کی کس بیوی کو اسلام کی سعادت نصیب ہوئی تھی۔

ج :۔ سلمیٰ کو۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کی والدہ ماجدہ کا نام بتائیے۔

ج :۔ سلمیٰ زوجہ عاص بن وائل۔

س :۔ عرب میں سب سے پہلے کس صحابی نے باقدہ طور پر لکھنا پڑھنا سیکھا تھا۔

ج :۔ حضرت عمروؓ بن عاص نے۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص نے مختلف قوموں کے رسم و رواج کا پتہ چلانے کیلئے کن علاقوں کا سفر کیا۔

ج :۔ شام اور حبشہ۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کا ذریعہ معاش بتایئے۔

ج :۔ تجارت۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کن ممالک میں جا کر تجارت کرتے تھے۔

ج :۔ عراق، شام، مصر و فلسطین، یمن اور حبش۔

س :۔ بنی سہم میں کن افراد کا نام جہالت کے ایام میں اسلام کے دشمنوں میں شمار ہوتا تھا۔

ج :۔ عاص بن وائل اور عمرو بن عاص کے۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص نے قبول اسلام کرنے کا کیا واقعہ بیان کیا۔

ج :۔ جب بھی اسلام اور مسلمانوں کو مٹانے کی کوشش کی مجھے ناکامی ہوئی۔

Marfat.com

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کس بادشاہ کے ہاتھ پہ اسلام کیا۔

ج :۔ نجاشی ۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو

کیا حکم ملا ۔

ج :۔ فوج کی وردی اور ہتھیار پہن کر آؤ ،،

س :۔ آنحضرت نے حضرت عمروؓ بن عاص کو کس سریہ کی امارت کے لیے منتخ

کرتے سفید علم عطا فرمایا۔

ج :۔ ذات السلاسل کی ۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص نے کس مقام سے دشمنوں کے لشکر کی تعدا

سے آگاہ کرتے ہوئے مزید امداد کی درخواست بھیجی تھی ۔

ج :۔ جذام کے چشمے ،، سلاسل ،،

س :۔ آنحضرتؐ نے حضرت عمروؓ بن عاص کی درخواست پر دو صحابہ کرا

کا دستہ سلاسل بھیجا ان میں شامل بڑے بڑے صحابہ کرامؓ کے نا

بتائیے ۔

ج :۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ ، حضرت عمر فاروقؓ ، اور حضرت ابو عبیدہؓ

س :۔ قضاعہ کے علاقے میں حضرت عمروؓ بن عاص نے شدت سردی

میں آگ نہ جلانے کی ہدایت کی ۔ تو حضرت عمر فاروقؓ کے ناراضگ

کا اظہار کرنے پر حضرت ابو بکرؓ نے کیا مشورہ دیا بتائیے ۔

ج :۔ عمروؓ بن عاص جو کچھ کرنا ہے کرنے دو ، آخر آنحضرتؐ نے جنگی

Marfat.com

مہارت دیکھ کر ہی لشکرِ اسلام کی امارت سونپی ہے۔

س :۔ قضاعہ کی فتح کے بعد مسلمانوں کو مالِ غنیمت لوٹنے سے منع کرتے ہوئے کیا فرمایا۔

ج :۔ اے مسلمانو! تمہارے لیئے دشمنوں کے وہ سر کافی ہیں جو یہاں بکھرے پڑے ہیں۔

س :۔ اسلامی لشکر نے آنحضرتؐ سے قضاعہ کی واپسی پر شکایت کی حضرت عمروؓ بن عاص نے کیا وجہ بتائی۔

ج :۔ دشمنوں کے مقابلے میں ہماری تعداد تھوڑی تھی اسی لیئے مسلمانوں کو پیچھا کرنے سے روک، آگ کی روشنی سے ہماری تعداد کا علم دشمنوں کو ہو سکتا تھا۔ مالِ غنیمت جمع کرتے ہوئے مسلمانوں پر دشمن حملہ نہ کر دے

س :۔ آنحضرتؐ نے کس صحابی کو سریہ سواع کی مہم پر بھیجا۔

ج :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کو۔

س :۔ بنی ہذیل کے بت خانے میں کون سے بت کو اہل ہذیل خدا سمجھتے تھے۔

ج :۔ عورت کی شکل میں ایک بت کو۔

س :۔ بنی ہذیل کا بت خانہ مکہ سے کتنے فاصلے پر قائم تھا۔

ج :۔ تین میل۔

س :۔ بنی ہذیل کی مہم کے بعد آنحضرتؐ نے حضرت عمروؓ بن عاص کن

Marfat.com

قبیلوں سے خراج وصول کرنے بھیجا تھا۔

ج:۔ بحرین وسعد، ہذیم، عذرہ، جذام، جدس، اور خزانہ سے۔

س:۔ آنحضرتؐ نے کس صحابی کو اپنا سفیر کے طور پر عمان کے حاکم جیفر کے پاس بھیجا۔

ج:۔ حضرت عمروؓ بن عاص کو۔

س:۔ حضرت عمروؓ بن عاص کی کوششوں سے عمان میں دو بھائیوں کے اسلام لانے پر عمان کے گھر گھر اسلام پھیل گیا۔

ج:۔ عباد اور جیفر۔

س:۔ آنحضرتؐ نے حضرت عمروؓ بن عاص عمان بھیجتے وقت کیا فرمایا تھا۔

ج:۔ "اے عمروؓ بن عاص جب تم عمان سے واپس آؤ گے تو ہم تمہیں عمان کا گورنر بنا دیں گے۔"

س:۔ آنحضرتؐ کی رحلت کے بعد حضرت ابو بکرؓ کے حکم پر عمان سے مدینے آئے تو راستے میں کس نے کہا عربوں سے زکوٰۃ وصول کی گئی تو سب باغی ہو جائیں گے۔

ج:۔ فرہ بن ہبیرہ نے۔

س:۔ فرہ بن ہبیرہ کی بات سن کر حضرت عمروؓ بن عاص نے کیا جواب دیا۔

ج:۔ کیا تو کافر ہو گیا ہے۔ جو مجھے عربوں سے ڈراتا ہے۔

Marfat.com

س :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کس قبیلہ سے زکوٰۃ وصول کرنے کیلئے حضرت عمروؓ بن عاص کو بھیجا۔

ج :۔ بنی قضاعہ۔

س :۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے شام کی مہم جانے والے اسلامی لشکر کو چار حصوں میں تقسیم کیا ان پر کن صحابہ کرامؓ کو نگران مقرر فرمایا۔

ج :۔ حضرت عمروؓ بن عاص، حضرت ابو عبیدہؓ، حضرت شرجیلؓ بن حسنہ اور یزید بن ابوسفیان کو۔

س :۔ والی شام قیصر نے اپنے بھائی "تذارق" کو کس صحابی کے مقابلے میں بھیجا تھا۔

ج :۔ حضرت عمروؓ بن عاص۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کے سوتیلے بھائی شہید ہوئے ان کا نام بتایئے۔

ج :۔ حضرت سعیدؓ بن خالد۔

س :۔ حمص کے حکمران دروان بصریٰ میں کس صحابی کے زیر قیادت اسلامی لشکر نے شکست دی۔

ج :۔ حضرت شرجیلؓ بن حسنہ۔

س :۔ یزید بن ابوسفیان کس مقام پر رومیوں سے جنگ کی۔

ج :۔ بلقاء کے مقام پر۔

س :۔ تمام لشکر اسلامی حضرت عمروؓ بن عاص کے حکم پر کس مقام پر اکٹھا ہوا۔

ج :۔ اجنادین۔

Marfat.com

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کے بھائی حضرت ہشامؓ بن عاص کس جنگ
میں شہید ہوئے تھے۔

ج :۔ جنگ اجنادین میں۔

س :۔ جنگ اجنادین میں کس صحابی کی لاش گھوڑوں کی ٹاپوں کی زد میں
آکر پارہ پارہ ہوئی تھی۔

ج :۔ حضرت ہشامؓ بن عاص کی۔

س :۔ جنگ اجنادین میں رومیوں کے تیروں سے کتنے مسلمانوں کی آنکھیں
ضائع ہوئی تھیں۔

ج : سات سو۔

س :۔ دمشق کی فتح کے بعد حضرت عمروؓ بن عاص کہاں چلے گئے۔

ج :۔ اردن۔

س :۔ بادشاہ قیصر نے اسلامی لشکر پر پہلا حملہ کیا۔ تو حضرت عمر فاروقؓ
نے کون صحابہ کرامؓ کی قیادت میں اسلامی لشکر بھیجا۔

ج :۔ امیر معاویہؓ بن ابو سفیان اور یزید بن ابو سفیانؓ کو۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص نے ارطبون کے لشکر کو شکست دیکر کن علاقوں
پر قبضہ کیا

ج :۔ بانا، عسقلان، غزہ، رملا، عسکا، بیروت، جیلا اور بیت الجرین۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص نے بیت المقدس کا محاصرہ کر کے کیا دھمکی دی۔

ج :۔ اسلام قبول کر لو یا جزیہ دینا منظور کر لو تو بہتر ہے۔ ورنہ تباہ و برباد

Marfat.com

کر دے گئے۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کی دھمکی سے حاکم قلعہ ارطبون خوف کے مارے راتوں رات قلعہ چھوڑ کر کہاں بھاگ گیا۔

ج :۔ مصر۔

س :۔ بیت المقدس کی فتح کے بعد حضرت عمروؓ بن عاص نے قیساریہ کا محاصرہ کیا تو ہرقل کا بیٹا قسطنطین فرار ہو کر کہاں پناہ لینے پر مجبور ہو گیا

ج :۔ قسطنطنیہ۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص کے اصرار پر حضرت عمر فاروقؓ نے فتح مصر کے لئے کتنے مجاہدین اسلام کا لشکر بھیجا تھا۔

ج :۔ ایک ہزار۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص نے وادی العریش کے راستے سے مصر میں داخل ہو کر کون سے شہر فتح کئے۔

ج :۔ عریش ، رمح۔

س :۔ مصر کے شہر بلبیس کو فتح کیا تو مصر کے بادشاہ مقوقس کی ایک بیٹی جنگی قیدیوں کے ہمراہ گرفتار ہوئی اس کا نام بتائیے۔

ج :۔ ارمانوسہ۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص بلبیس پر قبضہ کرنے کے بعد مصر کے کس شہر کا محاصرہ کیا جس میں سب سے بڑی بندرگاہ اور تجارتی مرکز تھا۔ شہر کا نام بتائیے۔

Marfat.com

ج :۔ ام دنین ۔

س :۔ مصر کے شہر ہیلو پولیس (عین الشمس) کے حکمران کا نام بتایئے جس کو حضرت عمرؓو بن عاص کی زیر قیادت اسلامی لشکر نے شکست دی ۔

ج :۔ اتبھوڈورس ۔

س :۔ حضرت عمرؓو بن عاص نے عین الشمس کی فتح کے بعد رومیوں کے مشہور قلعہ بابلیون کا محاصرہ کیا تو کون مسلمانوں سے صلح کرنے پر راضی ہوا تھا ۔

ج :۔ مقوقس ۔

س :۔ مقوقس کے صلح کرنے پر کس نے اسلامی لشکر سے جنگ کرنے کا اعلان کیا ۔

ج :۔ قیصر روم نے ۔

س :۔ آنحضرتؐ کے پھوپھی زاد بھائی حضرت زبیر ابن الصوام نے اسلامی لشکر کو مخاطب کرتے ہوئے کیا کہا بتایئے ۔

ج :۔ اے مسلمانو! میں اپنی جان اللہ کے سپرد کرتا ہوں مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں مسلمانوں کو ضرور فتح عطا فرمائے گا ۔

س :۔ اسلامی لشکر اور رومی سپہ سالار تھیوڈرس کے درمیان کتنے روز تک معرکہ جاری رہا تھا ۔

ج :۔ دس روز تک ۔

Marfat.com

س :۔ اسکندریہ میں اسلامی لشکر رومیوں سے کتنے عرصہ تک جنگ کرتا رہا تھا۔

ج :۔ دو ماہ۔

س :۔ رومیوں اور مسلمانوں کے درمیان مسلسل کتنے عرصہ تک جنگیں ہوتی رہی تھیں۔

ج :۔ ایک سال دو ماہ۔

س :۔ حضرت عمر فاروقؓ نے مسلمانوں کو جمع کر کے کس مسجد میں فتح مصر کی خوشخبری دی تھی۔ بتایئے۔

ج :۔ مسجد نبویؐ۔

س :۔ حضرت عمر فاروقؓ کے حکم سے کون سی نہر تعمیر کروائی جس کے ذریعے دریائے نیل کے پانی کو بحر احمر کے پانی سے ملا دیا اور مصر کے غلے کو عرب کی بندرگاہ ینبوع پہنچنے میں آسانی ہو گی۔

ج :۔ نہر سویز۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص نے رحلت کے وقت اللہ تعالیٰ سے کیا دعا کی بتایئے۔

ج :۔ اے اللہ! تو نے حکم دیا۔ میں نے سرتابی کی تو نے ممانعت کی، میں نے نافرمانی کی اگر تو مجھے معاف کر دے تو مجھ پر یہ تیرا کرم ہے اور اگر سزا دے تو میں اپنے اعمال کی بدولت اس کا مستحق ہوں۔

س :۔ رحلت کے وقت حضرت عمروؓ بن عاص زبان پر کیا الفاظ تھے۔

Marfat.com

ج :۔ لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

س :۔ حضرت عمروؓ بن عاص نے نوے برس کی عمر میں کب وفات پائی بتائیے۔

ج :۔ ۲۹ / رمضان المبارک ۴۳ھ۔

س :۔ فتح مصر کس صحابی کو کہا جاتا ہے۔

ج :۔ عمروؓ بن عاص کو۔

Marfat.com

# حضرت سعدؓ بن وقاص

س :. حضرت سعدؓ بن وقاص عرب کے کس شہر میں پیدا ہوئے تھے ۔
ج :. مکہ ۔
س :. حضرت سعدؓ بن وقاص قریش کے کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے ۔
ج :. زہری ۔
س :. حضرت سعدؓ بن وقاص کی والدہ کا نام بتائیے ۔
ج :. حمنہ بنت سفیان بن امیہ بن عبد الشمس بن عبا مناف ۔
س :. حضرت سعدؓ بن وقاص کی والدہ کا ابوسفیان بن حرب ابن امیہ سے کیا رشتہ تھا ۔
ج :. چچا کی بیٹی ۔
س :. حضرت سعد بن وقاص رشتے میں آنحضرت ﷺ کے کیا لگتے تھے ؟

Marfat.com

ج :۔ ماموں ۔

س :۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے ترغیب دلانے پر کون سے صحابہ کرامؓ نے اسلام قبول کیا ۔

ج :۔ حضرت زبیرؓ بن العلوام (آنحضرتؐ کے پھوپی زاد بھائی) حضرت عثمانؓ بن عفان، حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف، حضرت طلحہؓ بن عبیداللہ اور حضرت سعدؓ بن وقاص

س :۔ کس صحابی رسول نے اسلام کی خاطر سب سے پہلے ایک کافر کو قتل کیا جو مسلمانوں کو نماز پڑھنے سے روکتا تھا ۔

ج :۔ حضرت سعدؓ بن وقاص نے ۔

س :۔ سب سے پہلے کس صحابی نے کفار مکہ پر تیر چلایا تھا ۔

ج :۔ حضرت سعدؓ بن وقاص نے ۔

س :۔ ایران کی مہم کا آغاز حضرت خالدؓ بن ولید نے کیا ایران کی فتح کو کس صحابی نے مکمل کیا نام بتائیے ۔

ج :۔ حضرت سعدؓ بن وقاص نے ۔

س :۔ ہجرت مدینہ کے بعد آنحضرتؐ کے ہمراہ کون صحابی تمام رات جاگ کر پہرہ دیتے تھے ۔

س :۔ میرا باپ تم پر قربان تیر چلاتے جاؤ ۔ یہ الفاظ آنحضورؐ نے کس صحابی کے بارے میں کہے

ج :۔ حضرت سعدؓ بن وقاص

س :۔ ایرانیوں کی بار بار معاہدہ شکنی اور بغاوت کے باعث حضرت عمر فاروقؓ

Marfat.com

نے کس صحابی کو فتح ایران کی اجازت دی تھی۔

ج :۔ حضرت سعدؓ بن وقاص کو۔

س :۔ جیفر کے مقام پر ایرانی سپاہیوں نے ثابت قدمی سے لڑنے کے لئے اپنے پاؤں میں زنجیریں ڈال رکھی تھیں تو کس صحابی نے شکست دی۔

ج :۔ خالدؓ بن ولید نے۔

س :۔ بحرین میں بنی بکسر کی بغاوت کو کس صحابی نے ختم کیا تھا۔

ج :۔ حضرت مثنیٰ بن حارث نے۔

س :۔ حضرت عمر فاروقؓ نے حضرت مثنیٰ بن حارث کی درخواست پر کس صحابی کی قیادت میں اسلامی لشکر روانہ کیا تھا۔

ج :۔ قبیلہ ثقیف کے سردار حضرت ابو عبیدہؓ ثقفی۔

س :۔ حضرت عمر فاروقؓ کے عہد خلافت میں ایران کے تخت پر ایک عورت بیٹھی تھی اس کا نام بتائیے۔

ج :۔ پوران دخت۔

س :۔ ایرانی وزیر جنگ کا نام بتائیے جو ایران کے سیاہ وسفید کا مالک تھا۔

ج :۔ شہزادہ رستم۔

س :۔ ایرانی حکمران پوران دخت نے رستم کے علاوہ مزید دو سپہ سالار مقرر کئے ان کے نام بتائیے۔

ج :۔ ایرانی جرنیل نرسی، دوسرا جابان (عراقی)

Marfat.com

س :۔ حضرت ابو عبیدہؓ ثقفی اور ایرانی فوجوں کے مابین جنگ کس مقام پر ہوئی ۔

ج :۔ غارق ۔

س :۔ غارق او کسکر کی شکست کے بعد ایرانی وزیر جنگ رستم نے کس کی قیادت میں ایرانی لشکر مسلمانوں کے مقابلے میں بھیجا تھا ۔

ج :۔ بہمن جادویہ ۔

س :۔ حضرت ابو عبیدہؓ ثقفی کو فیل سفید نے کس طرح شہید کیا ۔

ج :۔ حضرت ابو عبیدہؓ ثقفی تلوار لے کر آگے بڑھے تو فیل سفید ہاتھی نے سونڈ میں لپیٹ لیا اور نیچے گرا کے پاؤں سے کچل دیا ۔

س :۔ دریائے فرات کے کنارے کتنے مسلمان شہید ہوئے ۔

ج :۔ چھ ہزار ( کل تعداد نو ہزار )

س :۔ کوفے کے قریب کس مقام پر اسلامی لشکر خیمہ زن ہوا ۔

ج :۔ بویب ۔

س :۔ ایرانی فوجیں کس قیادت میں بویب آئیں ۔

ج :۔ مہران بن مہرویہ ہمدانی ۔

س :۔ ایرانی لشکر کو اسلامی لشکر نے کس صحابی کی قیادت میں بویب کے مقام پر شکست دی تھی ۔

ج :۔ حضرت مثنیٰؓ بن حارثہ شیبانی نے ۔

س :۔ حضرت مثنیٰؓ بن حارثہ کے اس بھائی کا نام بتایئے جو جنگ بویب

Marfat.com

